ویمنز ٹی ٹونٹی ورلڈکپ:پاکستان اور تھائی لینڈ کے مابین میچ بغیر کسی نتیجے کے ختم

سڈنی،3 مارچ 2020ء:

آسٹریلیا میں جاری آئی سی سی ویمنز ٹی ٹونٹی ورلڈکپ میں پاکستان اور تھائی لینڈ کی ویمنز ٹیموں کے مابین میچ بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوگیا۔

تھائی لینڈ ویمنز ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ بیس اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 150 رنزبنائے۔ بارش کے باعث قومی خواتین کرکٹ ٹیم اپنی بیٹنگ کا آغاز نہ کرسکی۔

مسلسل بارش اور آؤٹ فیلڈ گیلی ہونے کے باعث امپائرز نے میچ کو بے نتیجہ ختم کرنے کا اعلان کیا۔

تفصیلات کے مطابق تھائی لینڈ ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان سورنارائن نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔حریف ٹیم کی اوپنرز نتاکن چنتم اور نتایا بوچھاتم نے 93 رنز کا مضبوط آغاز فراہم کیا۔ نتاکن چنتم نے 56 اور نتایا بوچھاتم نے 44 رنز کی اننگز کھیلی۔ اس دوران نتاکن چنتم اور نتایا بوچھاتم نے بالترتیب 10 اور 8 چوکے لگائے۔

دونوں کھلاڑیوں کے آؤٹ ہونے کے بعد چانیدا سوتھیروانگ اور ناناپت نے 20،20 رنز بنا کر ٹیم کا مجموعہ 150 تک پہنچایا۔ ناناپت 20 اور اونیچھا 2 رنز بناکر کریز پر موجود رہیں۔

تھائی لینڈ ویمنز ٹیم نے مقررہ بیس اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 150 رنز بنائے۔

پاکستان کی ندا ڈار، ڈیانا بیگ اور انعم امین نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

قومی خواتین کرکٹ ٹیم 4مارچ کی شام 6 بجے سڈنی سے کراچی پہنچے گی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4